A **910**

സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം
വാർഷിക മൂല്യനിർണയം 2022-23

STD : IX

ഉർദു

Time : 1 ½ Hour
Total Score : 40

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

* ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
* ചോദ്യങ്ങളും നിർദ്ദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവ്വം വായിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
* ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

---

1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔ **3x1=3**

1 ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم کون تھے؟ [جواہر لال نہرو، ابوالکلام آزاد، رابیندر ناتھ ٹیگور] 1

2 1

یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا

بچو، شعر کی روشنی میں کون سا دیا بہتر ہے؟ [مٹی کا دیا، فانوس، جھاڑ]

3 "امتحان" آپ نے پڑھی ہے نا؟ یہ کس کی کہانی ہے؟ [پریم چند، کرشن چندر، فرحت اللہ بیگ] 1

4 جملے غور سے پڑھیے۔ ان میں صحیح جملہ کون سا ہے؟ 1

a) ساوتری کالج میں پڑھ رہا ہے۔ b) ساوتری کالج میں پڑھ رہے ہیں۔

c) ساوتری کالج میں پڑھ رہی ہے۔

5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔ **3x2=6**

5 مکالمے غور سے پڑھیے اور مناسب کردار کا نام جوڑ کر لکھیے۔ 2

[رضیہ، اسکاٹ لینڈ کا راجا، مچھندر]

a	"ہمارے ملک کے تمام بوڑھے لوگوں کو جلاوطن کر دیا جائے۔"	....
b	"بھیا! ہمیں یہ وراثت میں ملے ہیں"	....

6 مناسب لفظ چُن کر خانہ پورا کیجیے۔ [ڈرامہ، نظم، افسانہ] 2

a	جینے کے لیے	....	گوبردھن
b	مٹی میں جان آگئی	....	اسماعیل میرٹھی

7 اشعار غور سے پڑھیے۔ان میں سے حبِّ وطن پر لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔ 2

a) لگتا نہیں ہے دل مرا اجڑے دیار میں
کس کی بنی ہے عالمِ ناپائیدار میں

b) جس کے لیے تو نازاں در در بھٹک رہا ہے
لے کھول دل کی آنکھیں وہ تیرے روبرو ہے

c) وطن پھر تجھ کو پیمانِ وفا دینے کا وقت آیا
تیرے ناموس پر سب کچھ لٹا دینے کا وقت آیا

8 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔ 2

الف	ب
وقت آیا ہے	نازاں جمشید پوری
جینے کے لیے	آنند نرائن ملاّ
دل کی آنکھیں	الطاف حسین حالی
مٹی کا دیا	سہیل عظیم آبادی

9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15

9 'گدو' ڈراما 'بیساکھی' کا ایک کردار ہے۔ وہ ہٹا کٹا نوجوان ہے۔ بھیک مانگ کر اپنی زندگی گزارتا ہے۔ 3

a) بچو، اس ڈرامے کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک کردار پر نوٹ لکھیے۔

10 آج کل کیرالا میں گرمی کی شدّت بڑھتی جا رہی ہے۔ برسات کے زمانے میں سیلاب جیسی قدرتی آفات آتی رہتی ہیں۔ 3

بچو، فطرت کو بگاڑنے سے ہمیں کیا کیا مشکلات پیش آتی ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

11 مچھندر کے لاجواب جوتے بہت مشہور ہیں۔ یہ لاثانی جوتے ہیں۔ کرشمہ دکھانے والے جوتے ہیں۔ 3

بچو، وہ اپنے جوتے بیچنا چاہتا ہے۔ اس کے لیے ایک اشتہار تیار کیجیے۔

12 موجودہ زمانے میں انسان مختلف بیماریوں کا شکار بن جاتے ہیں۔ 3

بچو، بیماریاں بڑھنے کی وجوہات کیا کیا ہیں؟ اشاروں کی مدد سے اپنے خیالات لکھیے۔

[محنت کی کمی، فاسٹ فڈ، گندہ پانی، ملاوٹی غذا]

13 پیڑ فطرت کی جان ہے۔ پیڑ لگانے کی اہمیت پر اسکول میں ایک جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔ 3

بچّو، پیڑ لگانے کی اہمیت پر تین نعرے تیار کیجیے۔

جیسے : پیڑ فطرت کا وردان ہے۔

14 عبارت غور سے پڑھیے اور تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

بہادر شاہ ظفر مغلیہ سلطنت کے آخری تاجدار تھے۔ وہ اردو کے مشہور شاعر بھی تھے۔ ان کی پیدائش ۲۴/اکتوبر ۱۷۷۵ء میں ہوئی۔ ان کا اصل نام مرزا ابو ظفر سراج الدّین محمد تھا۔ ان کے والد اکبر شاہ دوم تھے۔ بہادر شاہ ظفر پہلے جنگِ آزادی کے لیڈر تھے۔ اس لیے انگریزوں نے انھیں گرفتار کر دیا۔ ان کی وفات ۷/نومبر ۱۸۲۶ء کو رنگون میں ہوئی۔

[کون ، کیا، کب، کہاں، کیوں، کیسے]

15 3

زمیں سبزے سے لہلہانے لگی کسانوں کی محنت ٹھکانے لگی

جڑی بوٹیاں پیڑ آئے نکل عجب بیل پتّے عجب پھول پھل

پہلی بارش کی وجہ سے زمین پر کئی تبدیلیاں آتی ہیں۔ زمین سبز ہونے لگتی ہے۔

بچّو، ان اشعار کی روشنی میں زمین پر آنے والی تبدیلیوں پر اپنے خیالات لکھیے۔

16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ **4x4=16**

16 اگلے مہینے ساوتری کا امتحان ہے۔ اب تک اس کی فیس ادا نہیں کر پایا۔ وہ گھر کے کونے میں بیٹھی رو رہی تھی۔ اتنے میں پڑوسن ممتاز بیگم اس کے پاس آئی۔ ساوتری کو دیکھ کر ممتاز بیگم پوچھنے لگی...... 4

ممتاز بیگم : بیٹی! اتنی پریشان کیوں ہو؟

ساوتری : ....

بچّو، ممتاز بیگم اور ساوتری کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

17 4

کاٹو کھیتاں کاٹورے گھر گھر روٹی باٹورے

خون پسینہ پیرورے چاند ستارے کاٹورے

a) بچّو، اس لوک گیت کا شاعر کون ہے؟

b) اس میں شاعر کسان اور کھیتی باڑی کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

18 اشاروں کی مدد سے فیض احمد فیض کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

فیض احمد فیض

شہرت	:	ترقی پسند شاعر
پیدائش	:	۱۹۱۱ء کو سیال کوٹ میں
مجموعہ کلام	:	نقشِ فریادی، دستِ صبا، زنداں نامہ
ایوارڈ	:	گیان پیٹھ
انتقال	:	۱۹۸۴ء کو لاہور میں

19 سب بولیوں سے اچھی اردو زباں ہماری 4

بولی یہی ہے اب اے ہندوستاں ہماری

a) اردو زبان ہندوستان میں پیدا ہوئی۔ ہمارے دیس کی اور چار زبانوں کے نام لکھیے۔

b) اردو سنگیت اور فلم کی زبان ہے۔ آپ اردو کے بارے میں کیا کیا جانتے ہیں؟ نوٹ لکھیے۔

20 '**تندرستی ہزار نعمت ہے۔**' اس موضوع پر اسکول ہال میں ہیلتھ کلب کے ماتحت ایک سمینار ہونے والا ہے۔ 4
ہیڈ ماسٹر صدارتی کرسی سجائیں گے۔ کلب سکریٹری راجیش مقالہ پیش کریں گے۔
بچّو، اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔

اشارے: **عنوان، تاریخ، مقام، صدارت، مقالہ کی پیش کش**

21 مولانا ابوالکلام آزاد اردو کے مشہور ادیب ہیں۔ انھوں نے ہندوستان کی آزادی کے لیے بہت کوشش کی ہے۔ 4

a) بچّو، ہندوستان کے اور دو مجاہدینِ آزادی کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک مجاہدِ آزادی کے بارے میں نوٹ لکھیے۔